FB-YOUTUBE-WORDPRESS = EHSAN ULLAH KIYANI

سوال:

کیا اہل کتاب یعنی یہود و نصاری سے مسلمان نکاح کر سکتے ہیں؟

جواب:

اس مسئلے میں کچھ تفصیل ہے

سب سے پہلے تو یہ سن لیں کہ

مسلمان لڑکی کا نکاح یہودی اور عیسائی لڑکے سے بالکل جائز نہیں ہے

البتہ

یہودی اور عیسائی لڑکی سے مسلمان لڑکا نکاح کر سکتا ہے

مگر

بہتر یہی ہے کہ ان سے نکاح نہ کیا جائے

اس حوالے سے امام ابن ہمام فتح القدیر میں لکھا ہے

یجوز تزوج الکتابیات والاولی ان لا یفعل ولا یاکل ذبیحتھم الا للضرورۃ

اہل کتاب عورتوں سے نکاح کرنا تو جائز ہے

لیکن

بہتر یہی ہے کہ ان سے نکاح نہ کیا جائے اور نہ ہی ان کا ذبیحہ کھایا جائے

البتہ

شدید ضرورت میں ان سے نکاح بھی کیا جا سکتا ہے اور ان کا ذبیحہ بھی کھایا جا سکتا ہے۔

از

احسان اللہ کیانی

انیس اکتوبر دو ہزار بیس